۳۲۔شاہ محمد مکی جعفری

تاریخ وفات: ۱۱؍رجب ۱۱۷۲ھ مدفن: امروہہ

بعض شجرات میں شاہ محمدی اکبر آبادی اور شاہ عضد الدین کے درمیان شاہ محمد مکی جعفری کا واسطہ بھی ملتا ہے۔ یہ شاہ محمد مکی جعفری شاہ محمدی اکبر آبادی کے بیٹے اور شاہ عضد الدین کے چچازاد بھائی بھی ہیں۔ شاہ محمد مکی نے ارادت اور خلافت اپنے والد ماجد شاہ محمدی اکبر آبادی سے حاصل کی۔

البتہ تاریخ سے ثبوت ملتا ہے کہ شاہ عضد الدین کو خلافت سید محمدی سے بلا واسطہ حاصل ہے، جیسا کہ خود شاہ عضد الدین کی تصنیف مقاصد الصادقین میں درج ہے۔ اختلاف کی ایک توجیہ یہ بھی کی گئی ہے کہ احتمال ہے کہ شاہ عضد الدین کو خلافت اگرچہ بلا واسطہ شاہ محمدی اکبر آبادی سے حاصل ہے، لیکن تکمیل فیوضات کچھ اپنے اس چچازاد بھائی شیخ محمد مکی سے بھی ہوئی ہو۔